## سوال

(277) کیا مردوں کو قرآن پاک کا ثواب پہنچتا ہے ؟

## جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیا مردوں کو قرآن پاک کا ثواب پہنچتا ہے یا نہیں اگر میں اپنے دادا چچا تایا یا کسی رشتہ دار کے لیے ماں باپ کے علاوہ قرآن پڑھوں تو کیا ان کو ثواب پہنچے گا یا نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس کا شریعت میں کوئی ثبوت نہیں شیخ علی متقی حنفی صاحب "کنز العمال "فرماتے ہیں :

''الاجتماع للقراءة بالقرآن على الميت بالتحصيص في المقبرة اوالمسجد اوالبيت بدعة مذمومة''

"یعنی میت پر قرآن خوانی کے لیے جمع ہونا بالخصوص قبرستان یا مسجد یا گھر میں مذموم بدعت ہے ۔ اور صاحب "سفر السعادۃ" کا کہنا ہے :

''ولم تكن العادة ان يجتمعوا للميت ويقراواله القرآن''

"یعنی سلف کی عادت نہیں تھی کہ جمع ہو کر میت کے لیے قرآن خوانی کرتے ہوں ۔"

ھذا ما عندي والله اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

**ج1ص575**